يَا أَيُّهَا الْإِنسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ الْكَرِيم

اے انسان! آخر کس چیز نے دھوکا دیا ہے تجھ کو! تیرے رب کے بارے میں جو بہت کرم کرنے والا ہے۔

اَلانفِطار

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيم

إِذَا ٱلسَّمَآءُ ٱنفَطَرَتۡ ١

جب آسمان چر (پھٹ) جائے،

وَإِذَا ٱلۡكَوَاكِبُ ٱنتَثَرَتۡ ٢

اور جب تارے جھڑ پڑیں (بکھر جائیں)،

وَإِذَا ٱلۡبِحَارُ فُجِّرَتۡ ٣

اور جب دریا بہہ پڑیں،

وَإِذَا ٱلۡقُبُورُ بُعۡثِرَتۡ ٤

اور جب قبریں اٹھائی جائیں۔

عَلِمَتۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ وَأَخَّرَتۡ ٥

جان لیوے (لیگا) جی (ہر شخص) جو آگے بھیجا اور پیچھے چھوڑا۔

يَٰٓأَيُّهَا ٱلۡإِنسَٰنُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ ٱلۡكَرِيمِ ٦

اے آدمی! کاہے سے بہکا تو اپنے رب کریم پر؟

ٱلَّذِي خَلَقَكَ فَسَوَّىٰكَ فَعَدَلَكَ ٧

جس نے تجھ کو بنایا، پھر تجھ کو ٹھیک کیا، پھر تجھ کو برابر کیا۔

فِى أَىِّ صُورَةٍ مَّا شَآءَ رَكَّبَكَ ۝٨

جس صورت میں چاہا تجھ کو جوڑ دیا۔

كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُونَ بِٱلدِّينِ ۝٩

کوئی (ہرگز) نہیں! پر تم جھوٹ جانتے ہو انصاف ہونا۔

وَإِنَّ عَلَيْكُمْ لَحَـٰفِظِينَ ۝١٠

اور تم پر نگہبان مقرر ہیں۔

كِرَامًا كَـٰتِبِينَ ۝١١

سردار لکھنے والے،

يَعْلَمُونَ مَا تَفْعَلُونَ ۝١٢

جانتے ہیں جو کرتے ہو۔

إِنَّ ٱلْأَبْرَارَ لَفِى نَعِيمٍ ۝١٣

بیشک نیک لوگ آرام میں ہیں،

وَإِنَّ ٱلْفُجَّارَ لَفِى جَحِيمٍ ۝١٤

اور بیشک گنہگار دوزخ میں ہیں،

يَصْلَوْنَهَا يَوْمَ ٱلدِّينِ ۝١٥

پہنچیں گے اس میں انصاف کے دن،

وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِينَ ۝١٦

اور نہ ہوں گے اس سے چھپ رہنے والے۔

وَمَآ أَدۡرَىٰكَ مَا يَوۡمُ ٱلدِّينِ ﴿١٧﴾

اور تجھ کو کیا خبر ہے کیسا ہے دن انصاف کا؟

ثُمَّ مَآ أَدۡرَىٰكَ مَا يَوۡمُ ٱلدِّينِ ﴿١٨﴾

پھر بھی تجھ کو کیا خبر ہے؟ کیسا ہے دن انصاف کا؟

يَوۡمَ لَا تَمۡلِكُ نَفۡسٌ لِّنَفۡسٍ شَيۡـًٔا‌ۖ

جس دن بھلا نہ سکے کوئی جی (نفس) کسی (دوسرے) جی (نفس) کا کچھ۔

وَٱلۡأَمۡرُ يَوۡمَٮِٕذٍ لِّلَّهِ ﴿١٩﴾

اور حکم اس دن اللہ کا ہے۔

****

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com